**03.05.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ بھارت اور انگولا نے زراعت اور روایتی ادویات سمیت مختلف شعبوں میں کئی سمجھوتوں کا تبادلہ کیا ہے۔

☆ وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے دہشت گردوں اور اُن کے حامیوں کے خلاف سخت ، ٹھوس اور فیصلہ کن کارروائی کرنے کا تہیہ کررکھا ہے۔

☆ بھارت نے پاکستان سے براہ راست یا بالواسطہ درآمد پر پابندی عائد کردی ہے۔ پہلگام میں دہشت گردوں کے حملے کے بعد یہ ایک اور سخت قدم اٹھایا گیا ہے۔

☆ ممبئ میں **WAVES** سمِٹ کے موقع پر عالمی کمپنیوں میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف **Creative** ٹیکنالوجی کے ساتھ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔

☆ گوا میں **Bicholim** کے **Shirgao** میں **Shree Lairai Zatra** مہوتسو کے موقع پر بھگدڑ مچ جانے سے چھ افراد کی موت ہوگئی اور **80** سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔

☆ اور آج شام بنگلورو میں ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں **IPL** کرکٹ ٹورنامنٹ میں میزبان رائل چیلنجرس بنگلورو ، چنئ سُپر کنگس کا سامنا کرے گی۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**ANGOLA PRESIDENT**

نئ دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور انگولا کے صدر **Joao Manuel Goncalves Lourenco** کے درمیان وفدوں کی سطح پر بات چیت جاری ہے۔ گفتگو کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان مختلف شعبوں میں کئی سمجھوتوں پر دستخط کئے گئے ، جن میں زراعت اور روایتی ادویات وغیرہ شامل ہیں۔ ایک مشترکہ اخباری بیان میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت نے دہشت گردوں اور اُن کی حمایت کرنے والوں کے خلاف ٹھوس ، سخت اور فیصلہ کن کارروائی کرنے کا تہیہ کررکھا

ہے۔ سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف بھارت کی جدوجہد کی حمایت کرنے پر انہوں نے انگولا کا شکریہ ادا کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور انگولا اِس امر پر متفق ہیں کہ دہشت گردی بنی نوع انسانی کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہیں۔

انگولا کے صدر تین روزہ سرکاری دورے پر کل نئی دلّی پہنچے ہیں۔ اُن کے ساتھ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی آیا ہے، جس میں کئی وزراء ، اعلیٰ حکام اور تجارتی نمائندے وغیرہ بھی شامل ہیں۔ انگولا کے صدر Lourenco کا آج صبح قومی راجدھانی میں راشٹرپتی بھون کے سبزہ زار پر باقاعدہ استقبال کیا گیا۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اُن کا خیر مقدم کیا۔اِس موقع پر نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے، انگولا کے صدر نے کہا کہ 38 سال میں بھارت کے پہلے سرکاری دورے سے انگولا کیلئے یہ ایک بڑے فخر کا لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس دورے سے ، بھارت اور انگولا کے درمیان تعاون اور اشتراک کے رشتے مزید مضبوط ہوں گے۔

انگولا کے صدر نے بھارت کے عوام کی جانب سے کئے گئے پُرجوش استقبال اور میزبانی کی تعریف کی اور اُن کا شکریہ ادا کیا۔ اِس سے پہلے صدر Lourenco راج گھاٹ گئے، جہاں انہوں نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج صبح انگولا کے ساتھ بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے اپنے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ صدر Lourenco کی وزیر اعظم مودی کے ساتھ بات چیت سے بھارت اور انگولا اور بھارت اور افریقہ کے رشتوں کو تقویت ملے گی۔ x

## VISHNAV MEDIA AND ENTERTAINMENT

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ میڈیا اور تفریح کے شعبے میں بھارت ، دنیا کی قیادت کرسکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اِس سلسلے میں دنیا کی کئی فرموں نے بھارت کے ساتھ مل کر کام کرنے میں آمادگی کا اظہار کیا ہے۔ ممبئی میں WAVES سِمٹ کے موقع پر Google، Meta اور Microsoft جیسی 7 عالمی فرموں نے آج انڈین انسٹی ٹیوٹ آف Creative ٹیکنالوجی IICT کے ساتھ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ ممبئی میں 400 کروڑ روپے کی لاگت سے IICT قائم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ آئندہ دنوں میں IICT کو بھی IIT اور IIM کی طرح اہمیت حاصل ہوگی۔ اِس سے پہلے وزیرِ موصوف نے کہا کہ آئی سی ٹی Animation ، ویژوول ایفیکٹس ، گیمنگ اور کامکس کا ایک قومی مرکز بننے کیلئے تیار ہے۔ اِس موقع پر اطلاعات و نشریات کے وزیر ڈاکٹر ایل مروگن اور اطلاعات و نشریات کے سکریٹری Sanjay Jaju بھی موجود تھے۔ x

## COMMUNITY RADIO SAMMELAN

اطلاعات و نشریات کے وزیرِمملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے ملک بھر میں کمیونٹی ریڈیو کے کام کی ستائش کی ہے۔ انہوں

نے آج WAVES میں کمیونٹی ریڈیو سمّلین سے خطاب کرتے ہوئے، یہ ستائش کی۔ جناب مروگن نے کہا کہ تمام کمیونٹی ریڈیو کسی نہ کسی کاز کیلئے کام کررہے ہیں اور یہ ہماری روایات کو بڑھاوا دے رہے ہیں۔

افتتاحیہ تقریب کے موقع پر اطلاعات و نشریات کے سکریٹری سنجے Jaju بھی موجود تھے۔ جناب مروگن نے دسویں قومی کمیونٹی ریڈیو ایوارڈ بھی پیش کئے۔ بہار کے مَیور گلا کیندر ریڈیو مَیور کو موضوعاتی زمرے میں پہلے انعام سے سرفراز کیا۔ مہاراشٹر کے Yerala Wani ریڈیو اسٹیشن کو بھی ایوارڈ دیا گیا۔ x

## PAKISTAN IMPORT BAN

بھارت نے پاکستان سے فوری طور پر براہ راست یا بالواسطہ طور پر درآمد پر پابندی عائد کردی ہے۔ اِس سلسلے میں غیرملکی تجارت سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل نے ایک نوٹفکیشن جاری کیا ہے۔ اِس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پاکستان سے براہ راست یا بالواسطہ طور پر کوئی بھی مال منگوانے یا پاکستان سے بھارت کے راستے کہیں اور بھیجے جانے والے یا پاکستان بھیجے جانے والے مال پر بھی فوری طور پر اس پابندی کا اطلاق ہوگا۔ نوٹفکیشن میں کہا گیا ہے کہ سرکاری پالیسی اور قومی سلامتی کے مفاد میں یہ پابندی لگائی گئی ہے۔ اِس سلسلے میں کسی بھی چھوٹ کیلئے سرکاری کی منظوری حاصل کرنی ہوگی۔ x

## PM-RASHTRIYA BAL PURASKAR

پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار 2025 کیلئے پانچ سے 18 سال کی عمر کے بچوں کی نامزدگی کا عمل شروع ہوگیا ہے اور یہ 31 جولائی تک جاری رہے گا۔ پردھان منتری بال پرسکار قومی سطح کا ایک اہم ایوارڈ ہے، جو ملک بھر میں غیر معمولی کامیابیاں حاصل کرنے والے بچوں کو سالانہ طور پر صدر جمہوریہ کی جانب سے عطاء کیا جاتا ہے۔ یہ انعام ایسے بچوں کو دیا جاتا ہے، جنہوں نے بہادری، سماجی خدمت، ماحولیات کے تحفظ، کھیلوں، فن وثقافت اور سائنس اور ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ سبھی نامزدگیاں راشٹریہ بال پرسکار کے سرکاری پورٹل awards.gov.in پر صرف آن لائن موڈ میں ہی جمع کرائی جاسکتی ہیں۔x

## IAF SHOW-UP EXPRESWAY

بھارتی فضائیہ نے کل اتر پردیش کے شاہجہاں پور ضلع میں اپنی آپریشنل صلاحیت کا شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے گنگا ایکسپریس وے پر ساڑھے تین کلو میٹر طویل فضائی پٹی پر ایک اہم مشق کا اہتمام کیا۔ اپنی نوعیت کی پہلی مشق میں، رافیل، جگوار، Mirage 2000، MKI SU-30 اور MiG-29 جیسے جدید لڑاکا طیارے، C-130J Super Hercules اور AN-32 جیسے ٹرانسپورٹ طیاروں کے ساتھ ساتھ طاقتور MI-17 V5 ہیلی کاپٹر بھی شامل تھے۔

ایئر شو کا اہتمام دو مرحلوں، دن کے وقت اور رات کے وقت کیا گیا، جس کا مقصد ایکسپریس وے کی فضائی پٹی کو تنازعات یا قدرتی آفات کے دوران ہنگامی کارروائیوں کے لیے ایک قابل عمل رن وے کے طور پر جانچنا تھا۔×

**GOA STAMPEDE**

گوا میں Bichohim کے گاؤں Shirgao کے شری Lairia Zatra فیسٹیول میں مچی بھگدڑ میں 6 افراد ہلاک اور 80 سے زیادہ زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ آج صبح سویرے پیش آیا، جب ہزاروں عقیدتمند مندر میں صدیوں پرانی رسم کو دیکھنے اور اس میں شرکت کرنے کے لیے، مندر میں جمع ہوئے، جہاں بھکت یا دھونڈ ننگے پاؤں دھکتے ہوئے انگاروں پر چلتے ہیں۔ زخمیوں کا علاج Mapusa District Hospital کے Bicholim Health Centre اور Goa Medical College and Hospoital میں جاری ہے۔

وزیر اعلیٰ ڈاکٹر پرومود ساونت نے زخمیوں سے Mapusa ضلع اسپتال میں ملاقات کی۔ تمام ضروری طبی بندوبست کیا گیا ہے اور حکومت ہر مریض کی حالت کی نگرانی کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حادثے میں زندگیوں کے ضائع ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی تمنا کی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ متاثرین کی مدد کر رہی ہے۔

**PREZ-GOA STAMPEDE**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے گوا کے Shirgao میں بھگدڑ کے ایک حادثے میں لوگوں کی جان جانے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک پیغام میں صدر جمہوریہ نے مہلوکین کے اہل خانہ کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔×

**FISHERMEN RELEASED**

سری لنکا نے تمل ناڈو کے رامیشورم سے تعلق رکھنے والے 25 ماہی گیروں کو رہا کردیا ہے۔ اِن ماہی گیروں کو 23 فروری کو رامیشورم کے قریب مچھلیاں پکڑتے ہوئے گرفتار کرلیا گیا تھا۔ ان لوگوں پر الزام تھا کہ یہ لوگ بین الاقوامی سمندری حدود میں داخل ہوگئے تھے۔ سری لنکا کی بحریہ نے، اُن کی کشتیاں بھی ضبط کرلی تھیں۔ تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن کی اپیل پر وزارت خارجہ کی مداخلت کے بعد کل ان ماہی گیروں کو رہا کردیا گیا۔ ان کو بھارتی سفارتخانے کے افسران کے حوالے کیا گیا اور بعد میں انہیں ہوائی جہاز کے ذریعہ چنئی بھیجا گیا۔×

**FISHERMEN ATTACK**

Nagapattinam سے تعلق رکھنے والے 9 ماہی گیروں پر آج صبح سری لنکا کے بحری قزاقوں نے حملہ کیا۔ جس وقت یہ حملہ ہوا، اُس وقت تمل ناڈو کے Nagapattinam ضلع کے Akkaraipettai علاقے کے یہ ماہی گیر Kodikkarai کے قریب مچھلیاں پکڑ رہے تھے۔

اِن ماہی گیروں نے ساحل پر پہنچنے کے بعد بتایا کہ بحری قزاقوں نے، اُن سے زبردستی اُن کے Fish Catch جس کی مالیت تقریباً 20 لاکھ روپے ہے، اور مچھلی پکڑنے کے جال چھین لئے۔ اس حملے میں زخمی ہونے والے ماہی گیروں کو ناگاپٹنم کے اسپتال میں علاج کیلئے داخل کرایا گیا ہے۔ ماہی گیروں کی تنظیموں نے مرکز اور ریاستی حکومت سے سری لنکا کی حکومت کے ساتھ مل کر اس معاملے میں مناسب اقدام کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں، آج بنگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے رائل چیلنجرس بنگلورو کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا۔

کل رات گجرات ٹائٹنس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 38 رن سے شکست دی۔ جیت کیلئے 225 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے سن رائزرس کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 186 رن ہی بنا سکی۔ گجرات ٹائٹنس کی طرف سے پرسدھ کرشنا نے 2 وکٹ حاصل کیے۔ اُنہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اس سے پہلے سن رائزرس حیدرآباد نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ گجرات ٹائٹنس نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 224 رن بنائے۔×

**BJP-CONGRESS**

BJP نے آج کانگریس پارٹی کی سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے، اُس پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ قومی سلامتی کو نقصان پہنچارہی ہے اور ایسے بیانات دے رہی ہے، جو پاکستان کے حق میں ہیں۔

نئی دلّی میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سمبت پاترا نے کانگریس ورکنگ کمیٹی کی حالیہ میٹنگ کے نتیجے پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے یہ الزام لگایا کہ اپوزیشن پارٹی کا طرزِعمل بھارت کے بجائے پاکستان کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے یہ الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی اپنے بیانات سے پاکستان کی مدد کرنے کی عادی ہے۔ کانگریس رُکن پارلیمنٹ اور پنجاب کے سابق وزیراعلیٰ چرنجیت سنگھ چنّی کے اس دعوے کا ذکر کرتے ہوئے کہ جس میں انہوں نے کہا تھا کہ پلوامہ حملے کے بعد کوئی سرجیکل اسٹرائیک نہیں ہوئی،

جناب پاترا نے کہا کہ چاہے کانگریس پارٹی دہشت گردانہ حملوں کے تئیں سنجیدہ نہ ہو یا اُس کے رہنما راہل گاندھی اور

سونیا گاندھی ملک کے عوام کے جذبات کو نہ سمجھیں لیکن انہیں یہ حق نہیں ہے کہ وہ ملک کی مسلح افواج کی مسلسل حوصلہ شکنی کرتے رہیں اور ملک کے جذبات سے کھیلیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆